بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful
Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jama'at
INTRENATIONAL
(INDIA)

PRESS RELEASE

A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860

Press Release Ahmadiyya Muslim Jama,at India

احمدیہ مسلم جماعت کے امام کا دورۂ جرمنی دوسرے ہفتہ میں داخل
پہلے ہفتہ میں مختلف تقریبات کے ساتھ میٹنگز اور انٹرویوز کا انعقاد عمل میں آیا

اللہ تعالیٰ کے فضل سے احمدیہ مسلم جماعت کے عالمگیر امام حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس کا دورۂ جرمنی دوسرے ہفتہ میں داخل ہو چکا ہے۔

پہلے ہفتہ کے دوران حضور نے Achen اور Hanau میں نئی مساجد کا افتتاح فرمایا۔اسی طرح آپ نے عمارت ''بیت العافیت'' کا بھی افتتاح فرمایا جو کہ مجلس انصار اللہ جرمنی اور لجنہ اماء اللہ جرمنی کے مرکزی دفاتر کے طور پر استعمال ہوگی۔

حضرت مرزا مسرور احمد نے ہزاروں احمدی مسلمان احباب سے ملاقات کی اور سینکڑوں بچوں کی تقریب آمین کی صدرات کی۔

آپ نے جرمن پروفیسرز اور ماہرین تعلیم کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ میٹنگ کی جس میں آپ نے اسلام کی حقیقی تعلیمات بیان فرمائیں اور مختلف سوالات کے جوابات دئے۔

مورخہ 30 اور 31 مئی بروز ہفتہ واتوار آپ نے جرمنی میں مقیم احمدی مسلم نوجوانوں کی تعلیمی کلاس منعقدہ مسجد ''بیت السبوح ،فرینکفرٹ'' میں شرکت فرمائی۔ بروز ہفتہ آپ نے یونیورسٹی کے طلباء کے ساتھ دو کلاسوں میں شرکرفرمائی جبکہ بروز اتوار آپ نے واقفین نو کے ساتھ دو کلاسوں میں شرکت فرمائی۔

یونیورسٹی کے طلباء کے ساتھ کلاس کے دوران طلباء نے اپنی تعلیمی تحقیقات کو پیش کیا۔اس کے بعد سوال جواب کی تقریب منعقد ہوئی جس میں طلباء کو حضور سے سوالات پوچھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

وقفِ نو کلاسز میں بھی احمدی بچوں کو آپ سے سوالات پوچھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ایک سوال کہ ''وقف نو سکیم میں شامل ممبران کو اپنی زندگی کیسے گزارنی چاہئے؟'' کے جواب میں آپ نے فرمایا:

''وقفِ نو سکیم میں شامل ممبران کو اُس عہد کی طرف توجہ دینی چاہئے جو اُن کے والدین نے اُن کی پیدائش سے پہلے اُن کے متعلق کیا ہے۔ آپ کے والدین نے آپ کو اللہ تعالیٰ (کے دین) کی خدمت کے لئے وقف کیا ہے اس لئے آپ کو چاہئے کہ اس بات کو سمجھیں کہ اللہ تعالیٰ آپ سے کیا چاہتا ہے۔ آپ کو باقاعدگی کے ساتھ نماز ادا کرنی چاہئے اور قرآن مجید کے علوم کو سمجھنا چاہئے۔''

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے جرمنی کا سفر وہاں پر منعقد ہونے والے چالیسویں جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے اختیار فرمایا ہے۔ یہ جلسہ مورخہ 5 سے 7 جون تک Karlsruhe میں منعقد ہوگا۔ اس جلسہ سالانہ میں بیسیوں ممالک سے 30 ہزار کے قریب لوگوں کے شامل ہونے کی توقع ہے۔

END RELEASE

For further details please contact:
Incharge Press & Media, Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988, Email: pressamjindia@gmail.com,
Tel: +91-1872-500311, Fax: +91-1872-500178
Noorul Islam Toll Free Number: 1800-3010-2131